پریس ریلیز

عید الضحیٰ کی چھٹیاں، لاہور جنرل ہسپتال میں گیارہ ہزار سے زائد مریضوں کا علاج ہوا

طب مسیحائی پیشہ،عید کے ایام دکھی انسانیت کی خدمت میں گزارنا عبادت سے کم نہیں:الفرید ظفر

پرنسپل و ایم ایس کی عید پر ڈیوٹی پر مامور سٹاف کو مبارکباد، ڈاکٹر، و پیرامیڈیکس کو خراج تحسین

لاہور 12 جولائی:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر اور میڈیکل سپر نٹنڈنٹ ڈاکٹر خالد بن اسلم نے عید قربان کی چھٹیوں کے دوران لاہور جنرل ہسپتال کے شعبہ ایمر جنسی میں آنے والے گیارہ ہزار سے زائد مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی پر ڈاکٹرز نرسز اور پیرامیڈکس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ عید کے ایام دکھی انسانیت کی خدمت میں گزارنا کسی طور بھی عبادت سے کم نہیں اور یہ سب لوگ مبارکباد کے مستحق ہیں جنہوں نے اپنے گھر والوں کے ساتھ عید کی خوشیاں گزارنے کی بجائے ہسپتال میں فرائض سرانجام دینے کو ترجیح دی۔ فوکل پرسن ایمر جنسی ڈاکٹر لیلیٰ شفیق و دیگر انتظامی ڈاکٹرز بھی اس موقع پر موجود تھے۔

ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم نے پرنسپل پی جی ایم آئی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ حکومت پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈائلسز سینٹر بھی عید کی تعطیلات کے دوران کھلا رہا اور گردے کے امراض میں مبتلا مریضوں کے مفت ڈائلسز کیے گئے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ طب مسیحائی پیشہ ہے، درد اور زخموں میں مبتلا افراد کے چہروں پر مسکراہٹ لانے پر میڈیکل سے وابستہ افراد کو جو سکون ملتا ہے وہ پیسوں سے نہیں خریدا جا سکتا۔ پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر نے ڈاکٹرز پر زور دیا کہ وہ علاج معالجہ کے ساتھ ساتھ شہریوں میں کرونا اور ڈینگی سے بچاؤ کے متعلق بھی شعور اجاگر کرنے کا سلسلہ جاری رکھیں تا کہ عوام احتیاطی تدابیر اختیار کر کے ان بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے عید کے دنوں میں ڈیوٹی پر مامور ملازمین کو مبارکباد دی اور انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مذکورہ اسٹاف کو متبادل چھٹیاں دی جائیں جو انکا حق ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ حکومتی احکامات پر مریضوں کو بہترین طبی و تشخیصی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ لاہور جنرل ہسپتال میں ملک بھر سے مریض علاج معالجے کیلئے آتے ہیں جبکہ پروفیسر الفرید ظفر نے مریضوں کے ساتھ خندہ پیشانی سے پیش آنے پر ڈاکٹرز، نرسز و پیرا میڈیکس کو شاباش دی اور کہا کہ ایسا عملہ بلاشبہ لاہور جنرل ہسپتال کا فخر ہے جو اس ادارے کو سٹیٹ آف دی آرٹ بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

☆☆☆